پاکستان نیوزی لینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز کی ٹکٹوں کی فروخت جمعہ سے شروع ہو گی۔

ٹکٹوں کی پری بکنگ pcb.tcs.com.pk پر شام 5 بجے آن لائن شروع ہو گی۔

لاہور 28 مارچ، 2024۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز کی ٹکٹوں کی فروخت جمعہ 29 مارچ سے شروع ہو گی۔

سیریز کے میچز راولپنڈی میں 18، 20 اور 21 اپریل اور لاہور میں 25 اور 27 اپریل کو کھیلے جائیں گے۔ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہونگے۔

پہلے مرحلے میں آن لائن ٹکٹوں کی پری بکنگ جمعہ کو شام 5 بجے pcb.tcs.com.pk پر شروع ہو گی۔ آؤٹ لیٹ پتوں کے ساتھ ٹکٹوں کی فروخت کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

راولپنڈی میں کھیلے جانے والے میچوں کی ٹکٹیں کم از کم پانچ سو روپے (پریمیم) اور زیادہ سے زیادہ ساڑھے سات ہزار روپے (VVIP گیلری) میں دستیاب ہوں گی۔ ہاسپٹیلیٹی نشستیں زیادہ سے زیادہ پندرہ ہزار روپے میں دستیاب ہوں گی سوائے پہلے ٹی ٹوئنٹی کے جہاں ہاسپیٹیلیٹی نشستیں بارہ ہزار روپے میں دستیاب ہوں گی۔

لاہور میں کھیلے جانے والے میچوں کے لیے ٹکٹ کی قیمتیں جنرل سیٹ کے لیے تین سو روپے سے شروع ہو نگی اور چوتھے ٹی ٹوئنٹی کے لیے زیادہ سے زیادہ چھ ہزار روپے جبکہ پانچویں ٹی ٹوئنٹی میں وی وی آئی پی گیلری کے لیے سات ہزار روپے ہو نگی۔

اس کے علاوہ فار اینڈ بلڈنگ میں واقع ہاسپیٹلٹی باکس بھی دستیاب ہوں گے۔ جمعرات 25 اپریل کے میچ کے لیے ہاسپیٹلیٹی باکس چھ لاکھ روپے میں دستیاب ہو گا جبکہ ہفتہ 27 اپریل کے میچ کے لیے باکس سات لاکھ روپے میں دستیاب ہو گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial